احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

جمعرات 26 اگست 2004ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editoralfazl@hotmail.com

جمعرات 26 اگست 2004ء 9 رجب 1425 ہجری - 26 ظہور 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 191

دلاسا دیا

حضرت صفیہؓ آنحضرت ﷺ کے ساتھ سفر میں تھیں کہ ان کا اونٹ بیٹھ گیا تو وہ سب سے پیچھے رہ گئیں اور زار و قطار رونا شروع کر دیا۔ رسول اللہؐ نے اپنی چادر اور دست مبارک سے خود ان کے آنسو پونچھے اور دلاسا دیا۔

(زرقانی جلد 3 صفحہ:296)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے گھروں میں جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

نمایاں کامیابی

مکرمہ ناصرہ لئیق صاحبہ لیکچرار اکنامکس اہلیہ مکرم لئیق احمد خاں صاحب زعیم انصاراللہ گوجر خان ضلع راولپنڈی لکھتی ہیں۔ مکرمہ قدسیہ مشتاق صاحبہ بنت مکرم ڈاکٹر مشتاق احمد سحر صاحب نے امسال میٹرک کے امتحان میں 736/850 نمبر لے کر تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی میں لڑکوں اور لڑکیوں میں اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ مزید کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

ضرورت برائے لیب اسسٹنٹ

نصرت جہاں اکیڈمی انٹر کالج کی کیمسٹری لیب کیلئے لیب اسسٹنٹ کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں بنام چیئرمین ناصر فاؤنڈیشن لکھ کر خاکسار کو مورخہ 28 اگست 2004ء تک بھجوا دیں۔ انٹرویو 29 اگست 2004ء بروز اتوار صبح 9:00 بجے ہوگا۔

تعلیمی قابلیت: کم از کم F.Sc فرسٹ ڈویژن اور B.Sc سیکنڈ ڈویژن فزکس اور کیمسٹری مضمون کے ساتھ ضروری ہے۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

(2) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا دورہ جرمنی

جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر مستورات سے خطاب اور اجتماعی ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

21 اگست 2004ء

بروز ہفتہ

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جلسہ گاہ میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ بارہ بجے حضور انور لجنہ سے خطاب کے لئے تشریف لائے۔ اس سے قبل حضور انور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے اور ڈاک بھی ملاحظہ فرمائی۔ جب بارہ بجے حضور انور لجنہ کے جلسہ گاہ میں تشریف لائے تو خواتین نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کر کے حضور انور کا استقبال کیا۔ کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد حضور انور نے خطاب فرمایا۔ لجنہ کے جلسہ گاہ سے یہ خطاب مردانہ جلسہ گاہ میں بھی سنا گیا اور MTA پر LIVE نشر ہوا۔

حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد سورۃ حشر کی آیت نمبر 19 کی تلاوت فرمائی۔

حضور نے فرمایا کہ قوموں کی ترقی کا انحصار عورتوں کے اعلیٰ معیار پر ہوتا ہے۔ اسی لئے دین نے عورت کو نہایت اعلیٰ مقام عطا فرمایا ہے کیونکہ عورتوں کی اچھی تربیت کے نتیجہ میں ہی ہماری اگلی نسلوں کی حفاظت ہو سکتی ہے۔

اس ضمن میں حضور نے سب سے پہلے تو یہ توجہ دلائی کہ عورتوں کے بارے میں جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہئے۔ حالات کا تفصیل سے اور گہرائی سے جائزہ لے کر کسی نتیجہ تک پہنچنا چاہئے۔ پھر حضور نے عورت کے مقام کے متعلق بتایا کہ اللہ نے ماں کے قدموں تلے جنت رکھ دی ہے اور اس لئے مردوں کو نہیں چاہئے کہ ذرا ذرا سی بات پر عورتوں کے ساتھ سختی شروع کر دیں یا تلخی سے پیش آئیں۔ اس کے نتیجہ میں ہو سکتا ہے ان کی نسلیں ان کے ہی خلاف ہو جائیں کیونکہ بچوں کو اپنی ماؤں کے ساتھ غیر معمولی تعلق ہوتا ہے۔ اس لئے مردوں کو چاہئے کہ اپنے اوپر پوری طرح کنٹرول رکھا کریں اور عورت کے جذبات اور حقوق کا پوری طرح خیال رکھا کریں۔ اسی سلسلہ میں حضور نے مزید فرمایا کہ میاں بیوی ایک دوسرے کے راز دار ہوتے ہیں۔ پس انہیں چاہئے کہ باہمی اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچے۔ اسی صورت میں اگلی نسل صحیح طور پر پروان چڑھ سکتی ہے کہ وہ اپنے گھر میں بہترین ماحول پائے۔ یہی وجہ ہے کہ خطبہ نکاح میں سورہ حشر کی یہ آیت بھی شامل کی گئی ہے جس میں اپنے مستقبل کا خیال رکھنے اور تقویٰ اختیار کرنے کی بار بار نصیحت فرمائی گئی ہے۔

حضور نے مالی قربانیوں خصوصاً زکوٰۃ کی طرف خواتین کو توجہ دلائی اور اس ضمن میں حضور نے خواتین کی قائم کی ہوئی اعلیٰ مثالوں کا بھی مختصراً تذکرہ فرمایا اور تاریخ احمدیت میں محفوظ خواتین کی مالی قربانیوں پر مشتمل ان جذباتی واقعات کی طرف اشارہ کیا جن میں یہ ذکر ہے کہ بعض غریب خواتین جن کے پاس اپنی پالتو مرغیوں کے سوا کچھ نہ ہوتا، وہ ان کے انڈے ہی لے کر حضور کی خدمت میں پہنچ جاتیں۔ حضور نے وضاحت فرمائی کہ مالی قربانی کی نہایت شاندار مثالیں آج بھی خواتین قائم کر رہی ہیں اور کتنی ہی بار دیکھنے میں آیا ہے کہ خواتین نے اپنا سارا سارا زیور اتار کر چندہ میں دے دیا۔ حضور نے لجنہ جرمنی کی طرف سے برلن میں تعمیر ہونے والی بیت الذکر کے منصوبہ کا ذکر بھی فرمایا۔

خطاب کے آخر پر حضور نے نصیحت فرمائی کہ اللہ کی حفاظت میں آ جائیں اور اس کے لئے تقویٰ کے معیار کو بلند کریں اور یاد رکھیں کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ جو اللہ کا تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ اس کے لئے ہر قسم کی مشکلات سے نکلنے کے سامان بھی کرتا ہے اور اسے ایسے طور پر رزق عطا فرماتا ہے کہ اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا۔ اور اللہ صالح لوگوں کا متولی ہوتا ہے۔ اس کے لئے آپ کو احکام دین کی پابندی کرنی ہوگی، نمازوں میں باقاعدگی اختیار کریں، گلے شکوے کی عادت سے بچیں اور یاد رکھیں کہ اگر مائیں اپنے آپ کو سنبھال لیں تو اگلی نسلوں کی کوئی فکر نہیں۔

آخر پر حضور نے دعا کی کہ اللہ آپ کو ایک احمدی عورت کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین

ساڑھے چھ بجے حضور انور ملاقاتوں کے لئے اپنے دفتر تشریف لائے۔ اور مرد حضرات کو اجتماعی ملاقات کا شرف بخشا۔ دو ہزار سے زائد احباب نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ اور ان میں سے ہر ایک کو حضور انور نے شرف مصافحہ بخشا۔ بچوں کو چاکلیٹ اور قلم بھی عطا فرمائے۔ ملاقات کا یہ سلسلہ ساڑھے آٹھ بجے تک جاری رہا۔

آٹھ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور نے مغرب اور عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ 2004

مکرم محمد صدیق بانی (مرحوم) کی طرف سے ہر سال مندرجہ ذیل امتحانات میں پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے احمدی طالب علم اور طالبہ کو مندرجہ ذیل تفصیل کے ساتھ انعامات دیئے جاتے ہیں۔

1۔ انٹرمیڈیٹ

☆ پری میڈیکل گروپ ☆ پری انجینئرنگ گروپ

☆ جنرل گروپ (پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ کے علاوہ باقی تمام کمبینیشنز)

2۔ میٹرک

☆ سائنس گروپ ☆ جنرل سائنس گروپ

انٹرمیڈیٹ کے مندرجہ بالا تینوں اور میٹرک کے دونوں شعبہ جات میں جو احمدی طلباء اور طالبات پاکستان بھر کے احمدی طلبہ سے سب سے زیادہ نمبر حاصل کریں گے خواہ ان کی بورڈ میں کوئی پوزیشن ہو یا نہ ہو اور ان کا تعلق پنجاب، سندھ، بلوچستان، سرحد یا آزاد کشمیر کے کسی بھی بورڈ سے ہو۔ اگر وہ قواعد پر پورے اترتے ہوں تو انعامی مقابلہ میں شامل ہو سکتے ہیں۔ انٹرمیڈیٹ کے تینوں گروپس میں جو طلبہ سب سے زیادہ نمبر حاصل کریں گے وہ مبلغ پچیس پچیس ہزار روپے انعامی سکالر شپ اور گولڈ میڈل کے حقدار قرار پائیں گے۔ اسی طرح میٹرک کے دونوں گروپس میں جو طلبہ سب سے زیادہ نمبر حاصل کریں گے وہ مبلغ دس دس ہزار روپے انعامی سکالرشپ کے حقدار قرار پائیں گے۔

قواعد وضوابط

☆ یہ اعلان میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے اپریل 2004ء میں ہونے والے سالانہ امتحان کیلئے ہے (اس سے پہلے کا کوئی کیس اس سکیم میں شامل نہ ہو سکے گا۔ واضح ہو کہ 2003ء تک پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو یہ انعامات دیئے جا چکے ہیں۔)

☆ اس سکیم کا اطلاق صرف پہلے سالانہ امتحان پر ہوگا۔

☆ جزوی امتحان (By Parts) یا ڈویژن بہتر کرنے والے طلبہ اس مقابلہ میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے۔

☆ طلباء و طالبات کے لئے الگ الگ معیار نہیں ہیں بلکہ اپنے شعبہ میں جو بھی سب سے زیادہ نمبر حاصل کرے گا وہ انعام کا مستحق قرار پائے گا۔

☆ انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحان 2004ء میں 800 یا اس سے زائد نمبر اور میٹرک کے سالانہ امتحان 2004ء میں جنرل گروپ 700/850 یا اس سے زائد نمبر اور سائنس گروپ 750/850 نمبر یا اس سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلباء و طالبات درخواست دینے کے اہل ہونگے۔

درخواست دینے کا طریقہ کار:

☆ سادہ کاغذ پر بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ درخواست بھجوانا ہوگی۔

☆ درخواست کے ساتھ متعلقہ امتحان انٹرمیڈیٹ اور میٹرک کی سند یا مارک شیٹ کی فوٹو کاپی لازمی ہوگی۔

☆ اسی طرح درخواست اور سند یا مارک شیٹ کی فوٹو کاپی پر بھی مکرم امیر صاحب جماعت/امیر صاحب ضلع کی تصدیق لازمی ہے۔ تصدیق کے بغیر کوئی درخواست زیر غور نہ لائی جائے گی۔

☆ انعام کے حقدار طلبہ کو ان کی درخواست پر مندرج ایڈریس پر اطلاع کردی جائے گی۔

☆ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2004ء مقرر ہے۔ اس کے بعد آنے والی کوئی درخواست زیر غور نہ لائی جائے گی۔

(نظارت تعلیم)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم سجاد احمد صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت صدر انجمن احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کے والد مکرم محمد اعظم خان صاحب مورخہ 12/اگست 2004ء کو کراچی میں بعمر 76 سال بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ مرحوم موصی تھے۔ آپ کی نماز جنازہ بروز جمعہ بعد نماز مغرب بیت مبارک میں مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے دعا کروائی۔ لواحقین میں مرحوم نے چار بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ جملہ احباب سے مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کیلئے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

نادار اور غریب طلباء کی امداد سے اللہ کے فضل کا حصول

جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے چھوٹی سے چھوٹی نیکی کا موقع بھی ضائع نہیں ہونے دیتی۔ جہاں یہ ایک عظیم نیکی ہے۔ وہاں قرآن کریم اور آنحضور ﷺ کا فرمان بھی ہے۔ کہ ہر مرد و عورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ اور خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جو پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے۔ اور اس جماعت میں ایسے افراد بھی ہیں جو اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کرسکتے۔ ایسے نادار مستحق اور غریب طلباء کے لئے صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں ایک شعبہ (امداد طلبہ) قائم ہے۔ یہ شعبہ خالصتہً افراد جماعت کی طرف سے عطیات کے ذریعے کام کرتا ہے۔ اس لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور نادار اور غریب طلبہ کی تعلیم کے لئے اس فنڈ میں رقوم بھجوائیں تا کہ کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت دے آمین۔ یہ عطیات براہ راست نگران امداد طلباء (نظارت تعلیم) یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ بمد امداد طلباء بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

مکرم عزیز الرحمٰن صاحب بٹ ناظم وقار عمل ضلع فیصل آباد اعلان کرواتے ہیں کہ ان کی والدہ مکرمہ غلام فاطمہ صاحبہ زوجہ مکرم عبدالرحمٰن بٹ صاحب مورخہ 12/اگست 2004ء کو 68 سال کی عمر میں سمن آباد فیصل آباد میں انتقال کرگئیں۔ ان کی نماز جنازہ مکرم بشیر حسین تنویر صاحب نے حلقہ سمن آباد فیصل آباد میں پڑھائی بعد میں کوکھووال فیصل آباد قبرستان میں تدفین ہوئی اور مکرم بشیر احمد صاحب نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے اپنی آنکھوں کی وصیت کی ہوئی تھی۔ نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن فیصل آباد برانچ نے ان کے کارنیا حاصل کئے اور مرکزی دفتر ربوہ کو بجھوائے، مرحومہ کے بلندی درجات اور لواحقین کو صبر جمیل کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

درخواست دعا

مکرم ظہیر احمد بٹ صاحب نائب قائد مجلس دارالفضل فیصل آباد شہر لکھتے ہیں۔ خاکسار کی والدہ مکرمہ بشریٰ اسلم صاحبہ زوجہ مکرم محمد اسلم بٹ صاحب کچھ عرصہ سے کمر میں زخم آجانے کی وجہ سے علیل ہیں اور ابھی تک افاقہ نہیں ہے۔ تمام احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم بشیر احمد صاحب زاہد (زاہد کلاتھ ہاؤس) اطلاع دیتے ہیں کہ میری پوتی عزیزہ یاسمین (عرف گڑیا) بعمر 12 سال بنت مکرم سلیم احمد زاہد صاحب آف دوبئی آجکل اپنے ننھیال سری لنکا گئی ہوئی ہے اس کا خون نہیں بن رہا اس وجہ سے شدید بیمار ہے احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ معجزانہ شفاء عطا فرمائے۔

نکاح

مکرم وقاص احمد صاحب کارکن دفتر وصیت صدر انجمن احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کی عزیزہ مکرمہ رخشندہ جاوید صاحبہ بنت مکرم رحمت علی جاوید صاحب جرمنی کا نکاح ہمراہ مکرم شیراز ملک صاحب ابن مکرم ملک ممتاز احمد صاحب جو کہ حال مقیم امریکہ مورخہ 22 جولائی 2004ء بروز جمعرات مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے سات ہزار یو ایس ڈالر زحق مہر پر پڑھا۔ مکرمہ رخشندہ جاوید صاحبہ مکرم مولوی محمد عبداللہ صاحب کی نواسی ہیں۔ اسی طرح مکرم شیراز ملک صاحب حکیم عبیداللہ رانجھا صاحب کے نواسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کیلئے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔

پبلشر آغا سیف اللہ' پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

1904ء میں حضرت مسیح موعود کا سفرِ لاہور۔ حضور نے چار اہم لیکچر ارشاد فرمائے

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤرخ احمدیت

حضرت اقدس مسیح موعود جنوری 1903ء میں سفر جہلم سے واپس تشریف لا رہے تھے تو حضور نے ایک روز لاہور میں قیام فرمایا۔ رات کے وقت جب کہ بہت سے حاضرین زیارت کے لئے جمع تھے۔ حضرت اقدس نے ایک نہایت ہی مؤثر تقریر کے دوران میں خود ہی اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ ہمارا ارادہ ہے کہ کسی وقت لاہور میں چندروز ٹھہر کر اتمام حجت کریں اور نیز جو جو بدگمانیاں لوگوں نے ہماری نسبت عوام الناس کے دلوں میں بٹھا رکھی ہیں ان کے دور کرنے کے لئے کوشش کی جائے۔

اسی ارادہ کی تکمیل کے لئے حضور نے پہلے آخر مارچ 1904ء میں لاہور جانے کا فیصلہ کیا مگر اسے شدید مصروفیت کے باعث ملتوی کرنا پڑا۔ پھر حضور نے 2 راگست 1904ء کو (جبکہ مقدمات گورداسپور زوروں پر تھے) سفر لاہور اختیار فرمایا۔ حضور بذریعہ ٹرین گورداسپور سے مع اہل خانہ روانہ ہوئے بٹالہ اور امرتسر میں بعض احباب نے معیت اختیار کی۔ امرتسر اسٹیشن پر احمدی دوست اور دوسرے معززین کثیر تعداد میں زیارت و ملاقات سے مشرف ہونے کے لئے حاضر تھے۔ گاڑی دو بجے کے قریب لاہور پہنچی۔ پلیٹ فارم پر حضور کی زیارت کے لئے کثرت سے لوگ موجود تھے اور تل دھرنے کی جگہ نہیں ملتی تھی۔ سب سے اول حضور کے اہل خانہ کو گاڑیوں میں سوار کر کے حکیم نور محمد صاحب مالک کارخانہ ہمدم صحت کے زیر اہتمام قیام گاہ تک پہنچایا گیا۔ بعد ازاں حضرت مسیح موعود اور آپ کے دیگر مقتدر احباب گاڑیوں میں سوار ہوئے۔ حضور کی گاڑی بہت آہستہ آہستہ چلتی تھی تا ان لوگوں کو جو حسن عقیدت کی وجہ سے پا پیادہ ہمراہ آ رہے تھے تکلیف نہ ہو۔ حضور کے قیام کے لئے اس دفعہ میاں معراج الدین صاحب عمر احمدی رئیس کا مکان واقع بیرون دہلی گیٹ تجویز ہوا۔ باقی مہمانوں کے لئے میاں چراغ الدین صاحب رئیس کی ''مبارک منزل'' آراستہ کی گئی جہاں حضور نے سفر جہلم کے دوران قیام فرمایا تھا۔

حضور کے یہاں پہنچنے کے تین دن بعد حضرت مولوی نورالدین صاحب اور مولوی عبدالکریم صاحب حضور کے ارشاد کے تحت لاہور تشریف لے گئے اور اس سے اگلے دن نواب محمد علی خان صاحب بھی ایک جماعت کے ساتھ لاہور پہنچ گئے۔ چند دنوں میں زائرین کافی تعداد میں پہنچ گئے۔ لاہور میں حضور نے اتمام حجت کی غرض سے چار عظیم الشان لیکچر دیئے۔

پہلا لیکچر

پہلا لیکچر 21 راگست 1904ء کو دیا۔ حضور ظہر کے وقت تشریف لائے اور نماز باجماعت ادا کرنے کے بعد احباب کی درخواست پر ایک کرسی پر رونق افروز ہوئے۔ اس کے بعد آپ نے اصلاح نفس، مذہب کی غرض، وحدت جمہوری اور اپنے دعویٰ مسیحیت و مہدویت پر نہایت ہی بصیرت افروز روشنی ڈالی۔ اس موقعہ پر وزیر آباد کے ایک متعصب مولوی صاحب نے بیجا مداخلت کی اور بیجا کلام کر کے مباحثہ کی طرح ڈالنے کی کوشش کی مگر حضور اول تو اسے نہایت حلیمی سے سمجھاتے رہے لیکن جب معلوم ہوا کہ اس کی غرض رفع شکوک وشبہات نہیں صرف مناظرے کا اکھاڑہ قائم کرنا ہے تو فرمایا کہ مباحثہ کا دروازہ تو ہم بند کر چکے ہیں اب اس میں پڑنا پسند نہیں کرتے۔ اس سلسلہ میں حضور نے مولوی صاحب مذکور کے بعض اعتراضات کا مفصل جواب دیا اور جماعت کو تقویٰ اختیار کرنے کی تلقین فرمائی اور دعا پر یہ تقریب ختم ہوئی۔

دوسرا لیکچر

دوسرا لیکچر حضور نے 28 راگست 1904ء کو صبح بوقت سات بجے دیا۔ ڈیڑھ ہزار سے زیادہ افراد حضور کے اس خطاب سے مستفید ہوئے۔ اس لیکچر میں حضور نے نہایت لطیف انداز میں حاضرین کو توبہ کی طرف توجہ دلاتے ہوئے اپنے دعویٰ کے زبردست دلائل پیش فرمائے۔

''پیسہ اخبار'' لاہور نے (30 راگست 1904ء کو) اس لیکچر کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے لکھا۔

''اس تقریر کے وقت کوئی ڈیڑھ ہزار سے زائد آدمی موجود تھا۔ پولیس کا انتظام قابل تعریف تھا۔ آخر مرزا صاحب کے مریدوں اور دوسرے لوگوں نے مصافحہ شروع کیا۔ قریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک یہ لوگ مصافحہ کرتے رہے۔ بعض لوگ ان ملاقاتیوں سے کسی قدر سختی سے پیش آنے لگے تو مرزا صاحب نے فرمایا دیکھو مجھے خدا تعالیٰ نے ایسے وقت میں جب کہ کوئی آدمی میرے ساتھ نہ تھا اس زمانہ کی خبر دی تھی کہ کثرت سے لوگ تیرے پاس آئیں گے تو ان سے تحکیومت اور ان سے بداخلاقی سے مت پیش آنا۔ پس میں اجازت نہیں دیتا کہ ایسا کیا جائے۔ جو آگے آنا چاہتے ہوں آنے دو کسی کو جھڑکو مت اور روکو نہیں۔ یہ معصیت ہوگی۔ پھر آپ مریدوں کے ایک لمبے حلقہ میں تشریف لے گئے ......مرزا صاحب کے مریدین اس وقت لاہور میں پانچ چھ سو کے قریب جمع ہیں اور لاہور کی جماعت احمدیہ ان سب مہمانوں کی مہمانداری کر رہی ہے۔ یہ اخوت، ہمدردی اور جوش ایثار سنجیدہ پبلک کی توجہ کے قابل ہے۔''

تیسرا لیکچر

2 ستمبر کو جمعہ تھا۔ خطبہ جمعہ حضرت مولوی نورالدین صاحب نے پڑھا۔ نماز جمعہ کے بعد حضرت اقدس زائرین اور مشتاقان زیارت کے اصرار و خواہش پر اجلاس فرما ہوئے۔ حاضرین میں سے ہر ایک دوسرے سے پہلے آگے بڑھنا چاہتا تھا۔ ان کے بڑھے ہوئے جوش زیارت اور شوق ارادت میں انتظام کا ہونا کوئی آسان امر نہ تھا۔ دھکے پر دھکا کھاتے تھے اور آگے بڑھتے جاتے تھے۔ آخر جب حضور کا حکم سنا کہ بیٹھ جاؤ تو جہاں کوئی کھڑا تھا وہیں بیٹھ گیا۔ حضور خاموش بیٹھے تھے کہ آپ کے ایک ارادت مند نے نہایت پردرد اور پرجوش لہجہ میں پنجابی کی ایک نظم پڑھی جس میں حضور کی لاہور آمد کا نہایت مؤثر پیرایہ میں ذکر تھا۔ نظم ختم ہونے کے بعد حضور نے ایک پرمعارف اور زوردار تقریر فرمائی جس میں تبلیغ [illegible]یت کا حق ادا کر دیا۔

چوتھا عظیم الشان پبلک لیکچر

حضور کا چوتھا عظیم الشان لیکچر 3 ستمبر کو بوقت ساڑھے سات بجے ''اس ملک کے موجودہ مذاہب اور اسلام'' کے موضوع پر ہوا۔ یہ لیکچر دربار داتا گنج بخش کے عقب کے منڈوہ میلا رام میں ہوا۔ اس لیکچر کے لئے احباب لاہور نے پہلے سے اشتہار دیا تھا اور اس کا بہت چرچا تھا۔ علماء نے بھی اس دن عوام کو حضور کی تقریر سننے سے روکنے کی ہر ممکن صورت اختیار کی۔ بیرون دہلی دروازہ سے لے کر شاہ محمد غوث اور داتا گنج بخش تک راستہ میں مختلف جگہ پر جلسے ہو رہے تھے۔ غیر احمدی ٹولیاں بنا کر کھڑے تھے اور چھاتیاں پیٹتے تھے اور کہتے تھے ''ہائے ہائے مرزا'' مگر خدا کا فضل ایسا ہوا کہ جب حضرت اقدس فٹن پر سوار ہو کر جلسہ گاہ کی طرف روانہ ہوئے تو رستہ میں جو لوگ مخالفین کی زہریلی تقریریں سن رہے تھے ان میں سے ایک کثیر تعداد حضور کے پیچھے ہولی اور جلسہ گاہ کی رونق میں اضافہ کا موجب بنی۔ باوجود مخالفانہ کوشش کے منڈوہ میں حضرت کا لیکچر سننے کے لئے بارہ ہزار سے زائد مجمع ہو گیا۔

حضرت اقدس نے جلسہ اعظم مذاہب کی طرح مجمع کے سامنے لیکچر سنانے کی خدمت حضرت مولوی عبدالکریم صاحب ہی کے سپرد فرمائی۔ چنانچہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں یہ مضمون پڑھنا شروع کیا جو اپنے دلائل و حقائق کے لحاظ سے خود ہی بڑی جذب و کشش رکھتا تھا۔ مضمون کے پہلے حصے میں حضور نے اسلام اور دیگر مذاہب کا اس خوبی سے موازنہ فرمایا کہ زبانیں عش عش کر اٹھیں اور لفظ لفظ سے حق وصداقت کے چشمے پھوٹ پڑے۔ دوسرے حصہ میں حضور نے اپنے دعویٰ مسیحیت و مہدویت کے ثبوت میں واضح اور صاف دلائل دیتے ہوئے فرمایا کہ ''اس وقت تفرقہ کے دور کرنے کے لئے اور بیرونی حملوں سے دین کو بچانے کے لئے اور دنیا میں گمشدہ روحانیت کو دوبارہ قائم کرنے کے لئے بلاشبہ ایک آسمانی مصلح کی ضرورت ہے جو دوبارہ یقین بخش کر ایمان کی جڑوں کو پانی دیوے اور اس طرح بدی اور گناہ سے چھڑا کر نیکی کی طرف رجوع دیوے۔ سو عین ضرورت کے وقت میں میرا آنا ایسا ظاہر ہے کہ میں خیال نہیں کر سکتا کہ بجز سخت متعصب کے کوئی اس سے انکار کر سکے۔

اس لیکچر کا اختتام اس دعویٰ پر ہوا کہ میری پیشگوئیوں کا یہ حال ہے کہ اگر کوئی صبر اور صدق سے سننے والا ہو تو ایک لاکھ سے بھی زیادہ پیشگوئیاں اور نشان میری تائید میں ظاہر کئے گئے ہیں ...... میں امید رکھتا ہوں اور یقین کامل سے کہتا ہوں کہ اگر کوئی شخص چالیس روز بھی میرے پاس رہے تو کوئی نشان دیکھ لے گا۔

یہ لیکچر تین گھنٹہ میں ختم ہوا۔ مولوی عبدالکریم صاحب جب لیکچر پڑھتے تھے تو لوگوں پر محویت کا عالم طاری ہو جاتا تھا۔ اور جب دوران لیکچر میں قرآن مجید کی تلاوت فرماتے تو لوگ لحن داؤدی سے جھوم جاتے اور مجمع پر ایک سناٹا سا چھا جاتا۔

لیکچر بخیر وخوبی ختم ہوا تو خواجہ کمال الدین صاحب نے عرض کیا کہ حضور خود بھی کچھ ارشاد فرمائیں۔ حضور نے فرمایا مجھے زکام کی تکلیف ہے۔ خواجہ صاحب نے دوبارہ سہ بارہ درخواست کی کہ جن لوگوں کا خیال ہے کہ یہ سب کچھ ہم لوگ کرتے ہیں ورنہ آپ خود نہ کچھ بول سکتے ہیں نہ لکھ سکتے ہیں۔ چنانچہ حضور تقریر کے لئے اٹھے تو لوگوں نے جو اتنا عرصہ خاموش تھے۔ چیئرز کے طور پر تالیاں بجانا شروع کر دیں اور ایک شور مچ گیا۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس اور بہت سے سپاہی جو انتظام کے لئے آئے ہوئے تھے لوگوں کو خاموش کراتے رہے مگر غوغا کسی طرح کم نہ ہوا۔ حضور تو کھڑے ہی رہے مگر مولوی عبدالکریم صاحب نے بیٹھے بیٹھے تلاوت شروع کر دی اور سورۃ الفرقان کا آخری رکوع پڑھنے لگے۔ ابھی پہلی ہی آیت پڑھی کہ جلسہ میں بالکل خاموشی ہوگئی اور پہلا سا سماں بندھ گیا۔ رکوع ختم ہوا تو حضرت اقدس نے سامعین سے ایک مختصر مگر وجد انگیز خطاب فرمایا جس میں ان کا صبر وسکون سے تقریر سننے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں اس طرح توجہ دلائی کہ مذہب تو اس لئے ہوتا ہے کہ اخلاق وسیع کرے جیسے

خدا کے اخلاق وسیع ہیں۔ پس اسی طرح حقیقی مذہب والا تنگ ظرف نہیں ہوسکتا۔ کوئی ہزاروں اسے گالیاں دے وہ اس پر پتھر نہیں برسا دیتا۔ آخر میں حضور نے یہ قیمتی نصیحت فرمائی ''دل کو روشن کرو پھر دوسروں کی اصلاح کے لئے زبان کھولو۔ اس ملک کی شائستگی اور خوش قسمتی کا زمانہ تب آئے گا جب نرمی زبان نہ ہوگی بلکہ دل پر دارومدار ہوگا۔ پس اپنے تعلقات خدا تعالیٰ سے زیادہ کرو۔ یہی تعلیم سب نبیوں نے دی ہے اور یہی میری نصیحت ہے''۔

سٹیج پر جہاں حضور نے کھڑے ہو کر تقریر شروع فرمائی تھی۔ اس بات سے خوش ہو کر لوگوں نے میری بات سن لی ہے۔ آپ خوشی میں تقریر کرتے کرتے کوئی پانچ چھ قدم آگے بڑھ آئے تھے۔ اس موقعہ پر ایک نہایت عجیب واقعہ یہ ہوا کہ شیخ رحمت اللہ صاحب وکیل (جو اس وقت غیر احمدی تھے اور اس جلسہ میں موجود تھے) کہتے ہیں کہ میں نے دوران تقریر میں دیکھا کہ حضرت اقدس مسیح موعود کے سر سے نور کا ایک ستون نکل کر آسمان کی طرف جا رہا تھا۔ اس وقت میرے ساتھ ایک اور دوست بھی بیٹھے ہوئے تھے میں نے ان سے کہا کہ دیکھو وہ کیا چیز ہے۔ وہ دیکھتے ہی پا گئے کہ یہ نور ہے جو حضرت مرزا صاحب کے سر سے نکل کر آسمان تک پہنچا ہوا ہے۔ اس نظارہ کا شیخ صاحب پر ایسا اثر ہوا کہ انہوں نے اسی دن حضرت اقدس کی بیعت کر لی۔

حضرت اقدس کا تحریری لیکچر پہلے ہی ایک رسالہ کی شکل میں میاں معراج الدین صاحب عمر سیکرٹری انجمن فرقانیہ و حکیم شیخ نور محمد صاحب مالک ہمدم صحت لاہور نے رفاہ عالم سٹیم پریس لاہور سے شائع کر دیا تھا اور زبانی تقریر انہی دنوں الحکم میں چھپ گئی تھی۔

میاں عبدالعزیز صاحب المعروف مغل کا چشم دید بیان ہے کہ جلسہ سے واپسی پر راستہ میں میں نے دیکھا کہ ایک مولوی صاحب جو کہ سفید ریش تھے ایک جگہ وعظ کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک دفعہ مرزا صاحب کے پاس گیا۔ وہ چونکہ حجرے میں بیٹھے ہوئے تھے میں نے ان کو جاتے ہی کہا کہ اگر آپ اس حجرے سمیت آسمان پر چلے جائیں پھر بھی میں آپ پر ایمان نہیں لاؤں گا۔

بہرحال مخالفت کی اس شدت کے باوجود حضور کا یہ چوتھا لیکچر نہایت کامیاب ہوا اور آپ ہزاروں سعید روحوں تک پیغام حق پہنچانے میں کامیاب ہوئے۔ انہی دنوں کا ذکر ہے کہ ایک سبز پوش فقیر نے اصرار کیا کہ آپ مجھے لکھ دیں کہ جو کچھ آپ نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے سب سچ ہے۔ حضور نے فرمایا ایک ہفتہ بعد آؤ ہم لکھ دیں گے۔ جب ایک ہفتہ کے بعد وہ آیا تو حضور نے یہ الفاظ لکھ کر اور اپنی مہر لگا کر اسے دیئے۔

''میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر جو جھوٹوں پر لعنت کرتا ہے یہ گواہی دیتا ہوں کہ جو کچھ میں نے دعویٰ کیا ہے یا جو کچھ اپنے دعویٰ کی تائید میں لکھا ہے یا جو میں نے الہام الٰہی اپنی کتابوں میں درج کئے ہیں وہ سب صحیح ہے، سچ ہے اور درست ہے۔

باقی صفحہ 6 پر

مکرم محمد اشرف کاہلوں صاحب

اعجاز مسیحائی کے چند واقعات

اس عالم میں امراض دو طرح کے ہیں۔ ایک جسمانی امراض اور دوسرے روحانی امراض۔ اہل صفا دونوں طرح کی بیماریوں کے معالج ہوتے ہیں۔ ان کی باطنی توجہ اور فیضان نظر سے ہر طرح کے مریض شفایاب ہوتے ہیں۔ کیونکہ اذن الٰہی سے وہ اعجاز مسیحائی رکھتے ہیں۔ جو پریشان خاطر ان کے در پر آیا وہ زندگی پا کر گیا۔ یہ محض مفروضہ یا دعویٰ نہیں بلکہ حقیقت ہے۔ مامورین وقت کی تاریخ اس پر گواہ ہے۔ ایک ایسے ہی باصفا مامور وقت مسیح موعود ہیں۔ آپ کے اعجاز مسیحائی کے چند واقعات بطور ثبوت اور نمونہ پیش خدمت ہیں۔

انجمن حمایت اسلام لاہور کے 1893ء کے جلسہ سالانہ میں حضرت مولوی حسن علی صاحب نے شرکت کی۔ اس جلسہ میں حضرت مولوی نورالدین صاحب نے نہایت ہی پُر معارف اور پُر مغز تقریر کی۔ اس مسحور کن تقریر نے حضرت مولوی حسن علی صاحب مشہور مشنری پر ایسا اثر کیا کہ وعظ ختم ہونے کے بعد انہوں نے کھڑے ہو کر کہا کہ ''مجھے فخر ہے کہ میں نے اپنی آنکھوں سے اتنے بڑے عالم اور مفسر کو دیکھا۔ اور اہل ...... کو جائے فخر ہے کہ ہمارے درمیان میں اس زمانہ میں ایک ایسا عالم موجود ہے۔''

(حیات نور از عبدالقادر صاحب سابق سوداگرمل، ص193)

حضرت مولوی حسن علی صاحب مزید بیان کرتے ہیں:۔

''میری خواہش تھی کہ جناب حکیم مولوی نورالدین صاحب سے ملاقات کرتا لیکن مولوی صاحب از راہ کرم خود اس خاکسار سے ملنے آگئے۔ میں نے ان سے تنہائی میں سوال کیا کہ مرزا صاحب سے جو آپ نے بیعت کی ہے اس میں کیا نفع دیکھا ہے۔ جواب دیا۔ اک گناہ تھا جس کو میں ترک نہیں کر سکتا تھا۔ جناب مرزا صاحب سے بیعت کر لینے کے بعد وہ گناہ نہ صرف چھوٹ ہی گیا بلکہ اس سے نفرت ہوگئی......''

(حیات نور، ص193)

حضرت میاں عبدالعزیز صاحب المعروف مغل ایک چشمدید واقعہ بیان کرتے ہیں کہ نیلا گنبد میں میری کنفیکشنری مٹھائی کی دکان تھی اور یہ وہ دکان ہے جہاں اب موسیٰ اینڈ سنز کی دکان ہے۔ اس میں مَیں بیٹھا ہوا تھا۔ غالباً 1892ء-1893ء کی بات ہے۔ ایک شخص محمد رمضان جو نیلا گنبد والی مسجد میں طالب علم تھا اور بڑا سخت مخالف تھا۔ ایک سکھ کو ساتھ لا کر میرے پاس چھوڑ گیا۔ اس سکھ کا نام بچھتر سنگھ تھا۔ میں نے اسے کھانا کھانے کے لئے دو آنے دیئے۔ کھانا کھانے کے بعد اس نے قادیان کا رستہ دریافت کیا اور قادیان چلا گیا۔ آٹھ دن کے بعد پھر میری دکان پر آیا اور السلام علیکم کہا جس سے میں سمجھ گیا کہ یہ (احمدی) ہو چکا ہے۔ اس نے بتایا کہ میں (احمدی) ہو چکا ہوں اور حضرت مسیح موعود کی بیعت کر چکا ہوں اور حضور نے میرا نام عبدالعزیز رکھا ہے۔ پھر وہ شخص بڑا مخلص رہا۔ اب اس کی وفات کو دس بارہ سال گزر چکے ہیں ...

خیر اس نے بتایا کہ میں ایک عورت پر عاشق تھا اور اس کا خیال میرے دل سے محو نہیں ہوتا تھا۔ میں بہت گروؤں کے پاس گیا، میرے دو ہی سوال تھے کہ یا تو وہ عورت مجھے مل جائے اور یا اس کا خیال میرے دل سے محو ہو جائے۔ مگر کوئی گرو میری تسلی نہ کرا سکا۔ آخر میں نے گدی نشینوں کی طرف رجوع کیا حتیٰ کہ ایک جگہ مجھ سے چلہ کٹوایا گیا۔ مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ پھر کسی نے ازراہ تمسخر کہا کہ ''مرزے کے پاس قادیان جاؤ۔ اس کا بڑا دعویٰ ہے۔'' اس لئے میں نے لاہور میں آکر پوچھا کہ قادیان کا راستہ بتاؤ اور محمد رمضان آپ کے پاس چھوڑ گیا۔ پھر میں قادیان چلا گیا۔ نماز عصر کے بعد حضرت کی ملاقات کے لئے بے دھڑک اوپر چلا گیا اور عرض کیا کہ حضور اس طرح میں ایک عورت پر عاشق ہوں۔ میرا برا حال ہے یا مجھے وہ عورت مل جائے اور یا اس کا خیال میرے دل سے محو ہو جائے۔ اس پر حضور نے ایک نظر بھر کر میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ رات یہاں رہو اور کل چلے جانا۔ چنانچہ میں رات رہا مگر عجیب بات کہ اس نظر کے بعد وہ عورت مجھے بالکل بھول گئی...... رات کو میں نے خواب میں سید عبدالقادر جیلانی'' کو دیکھا اور خواب میں مجھے ان کا نام بتلایا گیا اور سمجھایا گیا کہ یہ ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں صبح میں نے حضور کی خدمت میں عرض کی کہ حضور! میں (احمدی) ہوتا ہوں۔ فرمایا کچھ ٹھہرو پھر دوسرے یا تیسرے روز حضور نے مجھے (احمدی) کر کے میرا نام عبدالعزیز رکھا۔ اب میں آپ کو ملنے آیا ہوں......''

(تاریخ احمدیت لاہور از عبدالقادر سابق سوداگرمل، ص113)

خواجہ جمال الدین صاحب بی اے کا واقعہ ہے۔ وہ امتحان منصفی میں فیل ہو جانے پر سخت کبیدہ خاطر تھے اور یاس و غم میں مبتلا انہوں نے حضرت مسیح موعود کی خدمت اقدس میں اپنا دکھڑا بیان کیا۔ حضرت صاحب بیان فرماتے ہیں:۔

''خواجہ جمال الدین صاحب بی اے جو ہماری جماعت میں داخل ہیں۔ جب امتحان منصفی میں فیل ہوئے اور ان کو بہت ناکامی اور ناامیدی لاحق ہوئی اور سخت غم ہوا تو ان کی نسبت مجھے الہام ہوا کہ ''سَیُغْفَرُ'' یعنی اللہ تعالیٰ آپ کے اس غم کا تدارک کرے گا۔ چنانچہ اس کے مطابق وہ جلد ریاست کشمیر میں ایک ایسے عہدہ پر ترقی یاب ہوئے جو عہدہ منصفی سے ان کے لئے بہتر ہوا۔ یعنی وہ تمام ریاست جموں و کشمیر کے انسپکٹر مدارس ہو گئے۔

(تاریخ احمدیت لاہور از عبدالقادر سابق سوداگرمل، ص189)

چوہدری غلام قادر آف لنگڑ وعہ بیان کرتے ہیں:۔

''جن ایام میں طاعون زوروں پر تھی۔ ہمارا ایک تایازاد بھائی چوہدری حمایت خان طاعون میں گرفتار ہو گیا۔ ایک ڈاکٹر نعمت خان کو ہم نے علاج کے لئے بلایا اس نے ملاحظہ کے بعد کہا کہ اس کے پھیپھڑے خراب ہو گئے ہیں اور یہ ہرگز بچ نہیں سکتا۔ خواہ مرزا صاحب بھی اس کے لئے دعا کریں اس کا طاعون سے خلاصی پانا ناممکن ہے۔ یہ بھی کہا کہ اگر یہ شخص طاعون کا شکار ہونے سے بچ جائے تو میں بھی احمدی ہو جاؤں گا۔ ڈاکٹر صاحب کے چلے جانے کے بعد پہلے ہم سب احمدی احباب نے مریض کی شفایابی کے لئے مل کر دعا کی اور صدقہ کیا پھر میں نے نواں شہر جا کر حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں دعا کرانے کے لئے تار دیا۔ خدا کی قدرت تار دینے کی دیر تھی کہ مریض کی حالت سدھرنے لگی اور تھوڑے ہی دنوں میں وہ بالکل تندرست ہو گیا۔ گویا مردہ زندہ ہو گیا۔ یہ نشان دیکھ کر چوہدری حمایت خان صاحب نے تو بیعت کر لی اور مخلص احمدی بن گئے مگر ڈاکٹر صاحب اپنے قول سے پھر گئے۔''

(تاریخ احمدیت لاہور از عبدالقادر سابق سوداگرمل، ص339-338)

ڈاکٹر بشارت احمد صاحب (غیر مبائع) کو ایک روز جو اطلاع ملی کہ آپ کا لڑکا ممتاز احمد جو اس وقت دو سال کا تھا بعارضہ ٹائیفائیڈ فیور سخت بیمار ہے۔ تو آپ گھبرا گئے۔ ایک ہفتہ کی رخصت لے کر گھر پہنچے مگر رخصت ختم ہوئی اور بچے کے بخار میں ذرہ بھر افاقہ نہ ہوا۔ بیگم صاحب نے کہا گورداسپور تو جانا ہی ہے۔ قادیان میں جا کر حضرت مرزا صاحب سے دعا ہی کروا لو۔ کیا عجب کہ اللہ تعالیٰ فضل کر دے۔ بیوی کے یہ الفاظ سن کر قادیان کی راہ لی۔ دو بجے رات قادیان پہنچے۔ دیکھا کہ بیت مبارک تہجد گزار لوگوں سے بھری ہوئی ہے اور حضرت اقدس اندر تہجد پڑھ رہے ہیں یہ کیفیت دیکھ کر بے حد اثر ہوا۔ اپنے پرانے رفیق حضرت مولوی عبدالکریم سیالکوٹی نے آپ کو حضرت اقدس کی خدمت میں پیش کیا۔ پس حضور کو دیکھتے ہی سارے شکوک و شبہات کافور ہو گئے۔ علیحدگی میں ملاقات کی، وظیفہ پوچھا تو فرمایا ''یہی نمازیں سنوار سنوار کر پڑھو اور سمجھ سمجھ کر پڑھا کرو۔'' حضور کی یہ تلقین سن کر دل پر خاص اثر ہوا۔ بچے کی صحت کے لئے دعا کی درخواست کی۔ حضور نے اسی وقت ہاتھ اٹھا کر دعا فرما دی۔ بیعت کر کے ڈیوٹی پر شکرگڑھ پہنچے۔ تیسرے روز خط ملا جس میں لکھا تھا کہ لڑکا بالکل اچھا ہے۔ ہرگز کوئی فکر نہ کریں۔ رخصت لے کر گھر پہنچے۔ پتہ چلا کہ جس روز صبح حضرت اقدس سے دعا کروائی تھی اس روز حالت بہت خراب تھی مگر پچھلی رات اچانک بخار اتر گیا۔ معالج ڈاکٹر کو جب اطلاع ہوئی تو وہ مانتا ہی نہ تھا مگر جب اس نے خود آکر ٹمپریچر لیا اور نبض دیکھی تو حیران رہ گیا اور کہنے لگا کہ یہ تو کوئی اعجاز مسیحائی ہے کہ مردہ

باقی صفحہ 6 پر

حکیم ملک مبشر احمد ریحان صاحب

شوگر
متعدد بیماریاں پیدا کرنے والی بیماری

بڑھتے ہوئے مسائل میں سے ایک اہم مسئلہ ذیابیطس کا وبا کی طرح پھیلنا بھی ہے۔ایک اندازے کے مطابق اس وقت بڑی عمر کے افراد میں شوگر کے مریضوں کی تعداد 20 فیصد سے بھی تجاوز کر چکی ہے۔ جس میں بیشتر خواتین ہیں۔ پاکستان ان میں سرفہرست ہے جہاں یہ مرض تیزی سے پھیل رہا ہے۔ عموماً یہ کہا جاتا ہے کہ شوگر کوئی مہلک مرض نہیں ہے۔ حالانکہ یہ بہت جان لیوا امراض کی جڑ ہے۔ جن میں دل کی بیماریاں قابل ذکر ہیں۔ اگر اس مرض کو اچھی طرح سمجھ کر شروع میں ہی کنٹرول کر لیا جائے تو آئندہ آنے والی بہت سی مشکلات میں خاصی کمی ہو جاتی ہے۔ بصورت دیگر بہت سی لاعلاج بیماریوں کو دعوت دیتا ہے۔

شوگر کیا ہے؟

شوگر اس بیماری کو کہتے ہیں جس میں شکر یعنی گلوکوز کی مقدار خون میں نارمل سے زیادہ ہو جاتی ہے۔ اور جسم ایک کیمیائی مرکب انسولین بنانا بند یا کم کر دیتا ہے۔ جسم میں انسولین کے بہت سے فوائد ہیں جن میں سے گلوکوز کی خون میں روک تھام بھی ہے۔ انسولین نہ ہونے کی صورت میں گلوکوز خلیوں میں نہیں جا پاتا لہٰذا کمزوری محسوس ہوتی ہے۔ اس موذی مرض سے نمٹنے کے لئے اسے اچھی طرح سمجھنا اور جدید انکشافات عوام تک پہنچانا مقصود ہیں تا کہ بروقت علاج ممکن ہو سکے اس سلسلے میں درج ذیل سوالات بہت اہم ہیں۔

شوگر شروع کیسے ہوتی ہے؟ روکنے کی تدابیر کیا ہیں؟ غذا کا اس بیماری سے کیا تعلق ہے؟ ورزش سے کیسے قابو پایا جا سکتا ہے؟ بیماری کی علامات اس کے سبب ہونے والی مہلک بیماریاں وغیرہ۔ لہٰذا ان سوالات کے جواب حاضر ہیں۔

شوگر کا آغاز

